آپ کے چینل کی کامیابی کے لئے کیا ضروری ہے کبھی آپ نے غور کیا! تو آپ کے چینل کے لئے سب سے زیادہ ضروری ہیں وہ کونٹینٹ، یا وڈیوز جو آپ اپنے چینل پر اس امید پر اپ لوڈ کر رہے ہیں کہ کوئی آکر دیکھے گا اور آپکو ویوز ملیں گے، آپ نے کبھی اپنی وڈیوز کو غور سے دیکھا ہے! کیا وہ اس قابل ہیں کہ کوئی انکو آکر دیکھے؟ اگر آپ کا جواب ہاں میں ہے تو آپ نے کامیابی کی راستے پر پہلا قدم اٹھا لیا ہے، اگر آپکا جواب نہیں میں ہے تو ساری عمر آپ اپنے چینل پر وڈیوز اپ لوڈ کرتے رہیں کوئی نہیں دیکھے گا، کسی کے پاس اتنا فضول ٹائم نہیں کہ آپ کی وڈیوز کو پورا دیکھے، تو پہلا کام آپ نے یہ کرنا کہ اپنی وڈیوز کو اس قابل بنائیں کہ وہ دوسروں کی توجہ اپنے طرف کھینچ سکیں اور وہ مجبور ہو جائیں کہ آپکا چینل سبسکرائب کر سکیں،

یہ کتاب صرف FactLabUrdu فیس بک پیج کی ملکیت ہے، کتاب کو کسی اور پلیٹ فارم سے بیچنا یا اس کی تشہیر کرنا جرم ہے!
0313-0655080

چلیں مان لیا، آپ نے چینل بھی اچھا بنایا، وڈیوز بھی اچھی اپ لوڈ کیں، اب آگے کیا کریں؟ ویوز اور یوزر کہاں سے آئیں، کیوں کہ آپ ٹرینڈینگ وڈیوز تو بنا نہیں رہے کہ کچھ نہ کچھ ویوز آنے شروع ہو جاتے، آپ تو اپنے مخصوص ٹاپک پر کام کر رہے جس کے مخصوص یوزر اور ویوز ہوتے، کیا کریں؟

سب سے پہلے اپنے ان دوستوں کو آواز دیں جو آپ کے اس ٹاپک میں دلچسپی رکھتے ہیں انکو مجبور کریں کہ وہ آپ کے چینل پر آکر وڈیوز دیکھیں اور سبسکرائب کریں اور وڈیوز کے بارے میں کمنٹس دیں کہ وڈیوز کیسی ہیں اور اپنی ویڈیوز کو مزید امپرو کیسے کریں؟

یہ کتاب صرف (FactLabUrdu) فیس بک پیج کی ملکیت ہے، کتاب کو کسی اور پلیٹ فارم سے بیچنا یا اس کی تشہیر کرنا جرم ہے۔



اس بہانے کچھ سبسکرائبر مل گئے آپ کے چینل کی آبادی میں اضافہ ہوا، لیکن یہ ابتدا تھی چند لوگوں نے آپکے چینل کو رونق بخشی لیکن پھر بھی کوئی آیا تو سہی اب آگے جانا، آپ فیس بک سارا دن استعمال کرتے بہت سے گروپس آپ نے جوائن کئے ہوں گے جن میں کام کا ایک بھی نہیں ہوتا، لیکن اگر غلطی سے اپنے ایسا کوئی گروپ جوائن کیا ہوا ہے جو آپکے یوٹیوب چینل سے مطابقت رکھتا ہو تو آپ اپنی وڈیوز وہاں شئیر کر سکتے اور کچھ ویوز اور سبسکرائبرز بنا سکتے،

جس دن آپ کے چینل پر ایک ہزار سبسکرائبرز بن گئے اس دن آپ کے چینل کو کامیاب کرنے کی آدھی ذمہ داری انہوں نے آٹھالی، ان میں سے بہت سے ہوں گے جنہیں آپ کی وڈیوز پسند آرہی ہوں گے وہ انکو آگے شیئر کریں گے، دیکھیں گے تو سب ہی تو جیسے ہی آپ کی نئی وڈیو کو سبسکرائبرز کی جانب سے ویوز ملیں گے انکی طرف سے کمنٹس ملیں گے لائیکس اور شیئر ملیں گے یوٹیوب کی نظر میں آپ کی وڈیو اہم ہو جائے گی اور وہ اس کو ویلو دینے لگے گا اور آپ کے ویوز بڑھنے کے چانسز میں مزید اضافہ ہو جائے گا، لیکن یہ سب تب ہو گا جب آپ کی وڈیوز میں جان ہو گی دم ہو گا، ورنہ مردے جتنے بھی پیارے ہوں انکو انکے پیارے بھی جلد سے جلد دفن کر دیتے ہیں سو ایسی وڈیوز نہ بنائیں جن کو دیکھ کر دفن کرنے کی سب کو جلدی ہو، اپنی وڈیو میں آپ نے نئے آنے والوں کو سبسکرائب کا ضرور کہنا، جس کے مختلف طریقے ہو سکتے کوئی بینر ہو سکتا انٹرو میں کہہ سکتے آوٹرو میں کہہ سکتے، انوٹیشنز کا استعمال کیا جا سکتا۔

یہ کتاب صرف FactLabUrdu فیس بک پیج کی ملکیت ہے، کتاب کو کسی اور پلیٹ فارم سے بیچنا یا اس کی تشہیر کرنا جرم ہے 0313-0655080

اگر آپ کا بلاگ ہے تو اپنی وڈیوز کو بلاگ پر پوسٹ کریں، جو بھی سوشل میڈیا اس کام کے لئے استعمال ہو سکتا اسکا استعمال ضرور کریں، وڈیوز کے نیچے دیئے گئے کمنٹس و سوالات کا جواب ضرور دیں تاکہ سبسکرائبرز یہ سمجھ سکیں کہ آپ بھی انکو اہم سمجھتے ہیں،

جو لوگ سمجھتے، یوٹیوب قسمت کا کھیل ہے تو میں آپ کو یقین دلاتا ہوں ایسا نہیں ہے، یوٹیوب محنت حوصلے اور صبر کا کھیل ہے، ان عناصر کے بغیر آپ اس میدان میں آنے کی ہمت نہ کریں سخت ناکامی ہو گی۔

## کی ورڈز کی اقسام!

یہ کتاب صرف FactLabUrdu فیس بک پیج کی ملکیت ہے کتاب کو کسی اور پلیٹ فارم سے بیچنا یا اس کی تشہیر کرنا جرم ہے!

ان کی 2 اقسام ہیں اور دونوں ہی لازم ہیں، جن کا استعمال کرنا ضروری ہے۔

## لوکل کی ورڈز!

0313-0655080

کی ورڈز کو لوکل یا مقامی زبان میں لکھنا لوکل کی ورڈز کہلاتا ہے، جیسا کہ اگر آپ مزاحیہ ویڈیوز بناتے ہیں، تو اس میں آپ اپنی ملکی سطح یا مقامی سطح پر سرچ کرنے کے لئے مزاحیہ یا لطیفے ان الفاظ کا استعمال کریں گے، تاکہ اگر آپ کے ملک میں اگر کوئی اس نام سے سرچ کرے، تو آپکی ویڈیوز اس کے پاس ضرور شو ہونی چاہیے، ان کی ورڈز کو ہم لوکل کی ورڈز بھی کہہ سکتے ہیں۔

یہ کتاب صرف (FactLabUrdu) فیس بک پیج کی ملکیت ہے، کتاب کو کسی اور پلیٹ فارم سے بیچنا یا اس کی تشہیر کرنا جرم ہے۔



## انٹرنیشنل کی ورڈز!

پوری دنیا کی بین الاقوامی زبان انگریزی ہے اس زبان میں کی ورڈ لکھے جائیں تو ایسے کی ورڈ انٹرنیشنل کی ورڈ کہلاتے ہیں جیسا کی مزاحیہ ویڈیو کے لیے آپ فنی کا لفظ استعمال کرتے ہیں اور ایسے تمام الفاظ استعمال کرتے ہیں جو اس کی کیٹاگری میں آتے ہیں، جس سے پوری دنیا میں لوگ جب انگلش میں سرچ کریں گے تو آپ کی ویڈیو ان کے سامنے آئے گی۔

## کی ورڈز کی احتیاطیں!

اگر آپکی ویڈیو ایسی ہو کے اس میں ویڈیو اور آڈیو دونوں استعمال ہو رہی ہوں، اور آڈیو آپکی لوکل زبان میں ہو، تو اس کو اگر آپ انٹرنیشنل کی ورڈز دیں گے، تو اس آپکی ویڈیوز اور چینل پر بہت ہی برا اثر پڑے گا۔

یہ کتاب صرف FactLabUrdu فیس بک پیج کی ملکیت ہے، کتاب کو کسی اور پلیٹ فارم سے بیچنا یا اس کی تشہیر کرنا جرم ہے!
0313-0655080

## تھمبنیل!

کی ورڈز کا کام صرف آپ کی ویڈیو کو سامنے لانا ہے یہاں ان کا کام ختم ہو جاتا ہے، اب اس ویڈیو کو یوزر دیکھے گا کہ نہیں یہ آپ کے تھمبنیل ویوز اور سبسکرائبرز پر انحصار کرتا ہے، تھمبنیل ٹھیک ہو گا تو اگر آپ کی ویڈیو پیج میں سب سے نیچے بھی ہوئی تب بھی لوگ آپ کی ویڈیو کا تھمبنیل دیکھ کر اس کو ضرور دیکھیں گے اور اگر آپ کا تھمبنیل بیکار ہے تو لوگ اس کو کبھی نہیں دیکھیں گے چاہیئے یہ ٹاپ پر ہی کیوں نہ ہو

یہ کتاب صرف (FactLabUrdu) فیس بک پیج کی ملکیت ہے، کتاب کو کسی اور پلیٹ فارم سے بیچنا یا اس کی تشہیر کرنا جرم ہے۔



کیونکہ بیکار تھمبنیل دیکھ کر ویور یہ سوچے گا کہ یا اس کا تھمبنیل ایسا ہے تو اس کی ویڈیو بھی بے کار ہی ہو گی اس لیے آپ کی ویڈیو چاہے جتنی بھی اچھی ہو اگر تھمبنیل اچھا نہیں ہے تو آپ کو ویو نہیں ملے گا اس لیے تھمبنیل بناتے وقت مندرجہ ذیل باتوں کا خیال رکھیں

آپ کی ویڈیو کے اندر جو کچھ ہے اس کو شارٹ الفاظ میں ڈیٹیل سے لکھیں اپنی ویڈیو کی خصوصیات لکھیں جو دوسری ویڈیو میں نہیں ہے انگلش۔ مقامی اور ملکی زبان میں تھوڑا ڈیٹیل سے لکھیں۔

یہ کتاب صرف FactLabUrdu فیس بک پیج کی ملکیت ہے، کتاب کو کسی اور پلیٹ فارم سے بیچنا یا اس کی تشہیر کرنا جرم ہے!
0313-0655080

اس طرح کی دوسری ویڈیوز کو چیک کریں کہ ان کے تھمبنیل کیسے ہیں، جو ٹاپ پر آرہی ہیں، ان کو دیکھ کر تھمبنیل بنائیں

امیجز کا استعمال کریں

اگر آپ اڈوب فوٹوشاپ میں کام کرنا جانتے ہیں تو یہ آپ کے تھمبنیل کے حق میں بہتر ہو گا۔

یہ کتاب صرف (FactLabUrdu) فیس بک پیج کی ملکیت ہے، کتاب کو کسی اور پلیٹ فارم سے بیچنا یا اس کی تشہیر کرنا جرم ہے۔



## تھمبنیل ورڈز!

ایسے ورڈز جو آپ اپنے تھمبنیل کے اوپر لکھتے ہیں تھمبنیل ورڈز کہلاتے ہیں ان کو اس لیے لکھا جاتا ہے کہ ویڈیو کے اندر موجود ڈیٹا اور اس کی خصوصیات کو بیان کیا جاسکے جس سے یوزر پر اچھا اثر پڑتا ہے اس کی ڈیٹیل میں اوپر بتا چکا ہوں کے یہ کیسے لکھنا چاہیے۔

## چینل کا کردار!

آپ کی ویڈیوز کے ویو ہونے میں چینل کا بہت بڑا کردار ہے، جس کی ڈیٹیل مندرجہ ذیل ہے، اگر آپ کا چینل ایسا ہی ہے جیسا کہ اس میں ڈیٹا موجود ہے تو یہ آپ کے چینل کے یوزر پر مثبت اثر ڈالے گا جس کے باعث یوزر کو ان کے ٹاپک کا ایک ماخز آپ کے چینل کی صورت میں مل جائے گا جس سے آپ کے چینل کو سبسکرائب کرنے کے چانس زیادہ ہوں گے اگر آپ کے چینل میں مختلف اقسام کا ڈیٹا ہے، اور وہ بھی ایسے ہے آدھا ادھورا اور مختلف اقسام کی ویڈیوز ہیں تو آپ کا چینل مکمل فلاپ ہو جائے گا، لہذا کوشش کریں کے ایک ہی ٹاپک پر کام کریں اور اس میں ہی خوب دل لگا کر محنت کریں، اور آپ کا مواد ذاتی آپ کا اپنا ہونا چاہیے اگر آپ مختلف پلیٹ فارمز سے مواد اٹھا کر استعمال کریں گے تو آپ کبھی بھی کامیاب نہیں ہو سکیں گے۔

یہ کتاب صرف FactLabUrdu فیس بک پیج کی ملکیت ہے، کتاب کو کسی اور پلیٹ فارم سے بیچنا یا اس کی تشہیر کرنا جرم ہے!
0313-0655080

یہ کتاب صرف (FactLabUrdu) فیس بک پیج کی ملکیت ہے، کتاب کو کسی اور پلیٹ فارم سے بیچنا یا اس کی تشہیر کرنا جرم ہے۔



YouTube

## ورک انسپائر!

جب آپ ویڈیو بنائیں تو اس سے پہلے بہتر یہ ہے کہ آپ اسی طرح کی کچھ ویڈیوز دیکھ لیں اور ان میں سے اچھے پوائنٹ نوٹ کر لیں اور یہ ذہن نشین کر لیں کہ جو سب سے ٹاپ کی ویڈیو ہے آپ کی اس سے اچھی ویڈیو بنانی ہے اس کے لیے اپنے ٹاپک کے لحاظ سے انٹرنیٹ پر سرچ کریں اور متاثر کرنے والا مواد بنا جمع کریں، اگر آپ کی ویڈیو اچھی ہے تو اس سے آپ کو دو فائدے حاصل ہوں گے ایک تو آپ کے ویوز زیادہ ہوں گے دوسرا آپ کی ویڈیو ہر ویور مکمل دیکھے گا، اس لیے ویڈیو پر جتنا بھی وقت لگے اس کو لگائیں مگر ویڈیو ہائی کوالٹی کی بنائیں،

یہ کتاب صرف FactLabUrdu فیس بک پیج کی ملکیت ہے، کتاب کو کسی اور پلیٹ فارم سے بیچنا یا اس کی تشہیر کرنا جرم ہے
03130655080

اس کے لیے بیک گراونڈ میوزک کا بھی استعمال کر سکتے ہیں مگر ویڈیو کے ٹاپک کے لحاظ سے اگر آپ کے پاس اچھا ویڈیو ایڈیٹر ہے اور آپ اچھے ایڈیٹر ہیں تو آپ ایک اچھی ویڈیو بنا سکتے ہیں اس لیے ویڈیو ایڈیٹنگ اور اس کی ٹرمز کا آپ کو ضرور پتا ہونا چاہیے اور ایڈوب فوٹو شاپ میں بھی آپ کو کام کرنا آتا ہو یہ سب اگر آپ نہیں کر سکتے یا اس میں کمزور ہیں تو آپ چاہے ویڈیو میں جتنا بھی اچھا ڈیٹا ڈال لیں وہ آپ کے کسی بھی کام کا نہیں ہے اس لیے اپنے کام سے دوسروں کو مطمعن کرنے کے لیے یہ ضروری ہے کہ آپ یہ سب سیکھ لیں بس جو آپ کی ویڈیو ایک دفعہ دیکھ لے اس کا دیوانہ ہو جائے کیوں یوٹیوب پر اس وقت بہت بڑا مقابلہ چل رہا ہے۔

یہ کتاب صرف (FactLabUrdu) فیس بک پیج کی ملکیت ہے، کتاب کو کسی اور پلیٹ فارم سے بیچنا یا اس کی تشہیر کرنا جرم ہے۔

YouTube

# 40

## اپڈیٹ!

اپنے چینل پر موجود ویڈیو ٹاپک کو وقت کے لحاظ سے اپڈیٹ کرنا نا بھولیں جسے ہی کوئی نئ اپڈیٹ آئے آپ کے یوزر کے پاس ضرور جانی چاہیے اس سے یوزر کے پاس آپ کے چینل کی ویلیو بڑھے گی اور وہ آپ کے چینل کو کبھی بھی ان سبسکرائب نہیں کرے گا، اور یوزر آپ کی ویڈیو کو مستقل دیکھے گا کیونکہ اپڈیٹ میں زیادہ تر نئ اشیا ہوتی ہیں، اس لیے جب بھی کوئی نئ اپڈیٹ آئے اس کو اپنے یوزر تک سب سے پہلے پہنچائیں، نا کہ اسے کہیں اور سے اپڈیٹ مل جائے۔

## سوشل میڈیا!

یہ کتاب صرف FactLabUrdu فیس بک پیج کی ملکیت ہے۔ کتاب کو کسی اور پلیٹ فارم سے بیچنا یا اس کی تشہیر کرنا جرم ہے!
0313-0655080

اس کا ذکر میں پہلے کر چکا ہوں کہ اس کی کیا اہمیت ہے اس لیے اس پر مزید بحث نہیں کروں گا سوشل میڈیا پر لنک سینڈ کرنا

اپنی ویڈیو اپنے براوزر میں کھولیں، اس کے بعد جب ویڈیو چل پڑے تو اس کا لنک کاپی کر لیں اس کے بعد آپ اپنی ویڈیو پر رائٹ کلک کریں اور کاپی ویڈیو یو آر ایل پر کلک کر دیں اس یو آر ایل کو آپ اپنے تمام دوستوں کو سینڈ کر دیں، مگر جن لوگوں نے آپ کو سبسکراب کیا ہے ان کو سینڈ کرنے کی ضرورت نہیں کیونکہ یہ آپ کی ویڈیو ان کے پاس خود ہی پہنچ جائے گی۔

یہ کتاب صرف (FactLabUrdu) فیس بک پیج کی ملکیت ہے، کتاب کو کسی اور پلیٹ فارم سے بیچنا یا اس کی تشہیر کرنا جرم ہے۔



## ٹاپک!

سب سے اہم پوائنٹ ہے آپ کے چینل کا ٹاپک ایسا ہونا چاہیے کہ یہ پوری دنیا میں سرچ ہونے والا ہو تو یہ سب سے اچھا ہے اس کی مثال دیتا ہوں اگر آپ ایک چینل بناتے ہیں جس آپ یوٹیوب سے ارنگ سکھا رہے ہیں اردو میں تو اس کو صرف 22 کروڑ آبادی کے لیے بنایا ہے مگر یہ ہی ویڈیو انگلش میں بنانے سے آپ نے ساڑھے 7 ارب لوگوں کے لئے بنایا ہے تو دونوں میں کتنا فرق ہے خیر اس کا ویڈیو کے اوپر آنے میں کافی اہم رول ہوتا ہے، کیونکہ ہر ملک کے لیے علیحدہ علیحدہ سرچ انجن ہیں،

یہ کتاب صرف FactLabUrdu فیس بک پیج کی ملکیت ہے کتاب کو کسی اور پلیٹ فارم سے بیچنا یا اس کی تشہیر کرنا جرم ہے 0313-0655080

خیر بات ٹاپک کی ہو رہی تھی اپنے چینل میں آپ مین ایک ہی ٹاپک استعمال کریں میں اس کا ٹاپک وہ رکھیں جس کام کا آپ کو شوق ہے تاکہ آپ اس میں بہترین کام کر سکیں، بحر حال آپ کا شوق بھی اچھا ہی ہونا چاہیئے، اگر آپ دلچسپ و عجیب کا چینل بنائیں اور اس کی ڈیٹیل انگلش اردو دونوں میں ہو تو یہ اچھا چلے گا لیکن اسکا ایک پارٹ آپ ٹرینڈ بھی رکھیں جس میں آپ دو چیزیں رکھیں جس کا سیزن چل رہا ہو۔

اگر آپ ٹرینڈ سے ہٹ کر کام کریں گے پھر آپ کو کم فائدہ ہو گا کیونکہ آج کل لوگ حالات حاضرہ پر چیزوں کو دیکھنا پسند کرتے ہیں، آپ اپنے ٹاپک میں ٹرینڈ کو ضرور شامل رکھیں۔

یہ کتاب صرف (FactLabUrdu) فیس بک پیج کی ملکیت ہے، کتاب کو کسی اور پلیٹ فارم سے بیچنا یا اس کی تشہیر کرنا جرم ہے۔



## ایڈ ورڈز اور پرائیویٹ ایڈز

ان ٹولز کا استعمال کر کے آپ اپنی ویڈیو کو مشہور بناتے ہیں ان کی قیمت ادا کرنی پڑتی ہے ایڈ ورڈ گوگل کی ایک برانچ ہے جو آپ سے آپ کی ویڈیو چینل کی ڈسکریشن لے گا اور اس کا ایڈ بنائے گا اس کی آپ کو ایڈ کی قسم وقت میڈیا کے لحاظ سے قیمت ادا کرنی پڑے گی، یہ ایک زبردست طریقہ ہے، مگر مہنگا ہوتا ہے، اس طرح کچھ پرائیویٹ کمپنیاں بھی یہی کام کرتی ہیں، انٹرنیٹ پر ایسی ہزاروں کمپنیاں موجود ہیں۔

## سیزن!

سیزن سے مطلب عید کے دنوں میں عید کے مطلق ڈیٹا عید سے پہلے ہی اکٹھا کر لینا یا رمضان کا ڈیٹا رمضان سے پہلے ہی اکٹھا کر لینا، تاکہ جب رمضان آئے تو آپکی ویڈیوز نا صرف یوٹیوب پر موجود ہوں بلکہ ان کی ایس سی او بھی ہو چکی ہو۔

یہ کتاب صرف FactLabUrdu فیس بک پیج کی ملکیت ہے، کتاب کو کسی اور پلیٹ فارم سے بیچنا یا اس کی تشہیر کرنا جرم ہے!
0313-0655080

## ٹرینڈ!

ٹرینڈ اور سیزن میں فرق ہے، ٹرینڈ کی مثال آپ کو اس طرح سے دیتا ہوں، کہ جب کوئی نیا گانا آتا ہے، تو یہ اس وقت چل رہا ہوتا ہے، اور بہت سنا جا رہا ہوتا ہے، تو یہ ایک ٹرینڈ ہے، اس طرح ہر سال سردیوں یا گرمیوں کی ڈشز کی ویڈیوز جو ہیں، وہ سیزنل ہیں ٹرینڈ میں آپ اپنے چینل کے سبسکرائبرز بڑھا سکتے ہیں، اگر ٹرینڈ میں آپ کی ایک بھی ویڈیو کو اچھے ویو مل گئے تو اس سے ایک تو آپکی باقی ویڈیوز کو بھی ویو ملنے کے چانسز 50 فیصد ہوتے ہیں اس کے علاوہ اچھی ویڈیو ہونے کی وجہ سے لوگ سبسکرائب بھی کرتے ہیں اس لیے ٹرینڈ کو ضرور استعمال کریں اس کے بہتر استعمال سے آپ کے چینل کو بہت پروموشن ملتی ہے۔

یہ کتاب صرف (FactLabUrdu) فیس بک پیج کی ملکیت ہے، کتاب کو کسی اور پلیٹ فارم سے بیچنا یا اس کی تشہیر کرنا جرم ہے۔



# یوٹیوب چینل کس ٹاپک پر بنائیں!

اگر آپ نے اپنا یوٹیوب چینل بنانے کا ارادہ کر لیا ہے تو یہ ایک اچھی بات ہے، اکثر نئے لوگوں کو اس بات کو لے کر پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے کہ وہ اپنا یوٹیوب چینل کس ٹاپک یا پھر نیش پر بنائیں سب کی یہی کوشش ہوتی ہے کہ وہ کسی ٹرینڈنگ ٹاپک کے اوپر اپنا بلاگ یا پھر یوٹیوب چینل بنائیں تو ہمارے اس مضمون میں آپ لوگوں کو کچھ ایسے ہی ٹاپک بتانے والا ہوں جن پر آپ یوٹیوب چینل بنا کر اچھے پیسے کما سکتے ہیں۔

## 1: ہیلتھ اینڈ فٹنس (صحت و تندرستی)

آج کل کے دور میں لوگ اپنی صحت کو لے کر کافی زیادہ محتاط ہیں ایسے حالات میں لوگ ہیلتھ اور فٹنس کے بارے میں یوٹیوب ویڈیوز دیکھنا پسند کرتے ہیں، مثال کے طور پر وزن کو کم کرنے کی خواہش بہت سے لوگوں کی ہے جس کو لے کر لوگ انٹرنیٹ پر سرچ بھی کرتے ہیں، آپ اس موقعے سے فائدہ اٹھائیں اور آج ہی اپنا ایک ہیلتھ اینڈ فٹنس کا یوٹیوب چینل بنائیں۔

یہ کتاب صرف FactLabUrdu فیس بک پیج کی ملکیت ہے، کتاب کو کسی اور پلیٹ فارم سے بیچنا یا اس کی تشہیر کرنا جرم ہے
0313-0655080

## 2: ٹیکنالوجی (ٹیک)

ٹیکنالوجی کا ٹاپک بہت ہی اہم ہے لوگ ٹیک ویڈیوز دیکھنا کافی پسند کرتے ہیں آپ بھی اپنا ایک ٹیکنالوجی یوٹیوب چینل بنا کر کام کی شروعات کر سکتے ہیں، ٹیک یوٹیوب چینل پر آپ موبائل ایپلیکیشن، سافٹ ویئرز، یوٹیوب، بلاگینگ، فری لانسنگ کے بارے میں سیکھا سکتے ہیں، ٹیک یوٹیوب چینل کی ڈیمانڈ بہت زیادہ ہے۔

یہ کتاب صرف (FactLabUrdu) فیس بک پیج کی ملکیت ہے، کتاب کو کسی اور پلیٹ فارم سے بیچنا یا اس کی تشہیر کرنا جرم ہے۔



## 3: ٹاپ 10

یوٹیوب پر جا کر ٹاپ 10 سرچ کریں آپ ویڈیوز کے ویوز دیکھ کر حیران رہ جائیں گے لوگ ایسی ویڈیوز دیکھنا پسند کرتے ہیں جیسا کہ پاکستان کے دس خوبصورت ترین مقامات یا 10 حیران کن فیکٹس وغیرہ آپ بھی اس طرح کا ایک یوٹیوب چینل بنائیں اور ڈالرز کمائیں آپ چاہیں تو اس موضوع پر ایک بلاگ بھی بنا سکتے ہیں۔

## 4: کوکنگ (کھانا پکانا)

کھانا کھانے اور پکانے کے شوقین لوگ انٹرنیٹ پر مختلف ڈشیز کے بارے میں سرچ کرتے رہتے ہیں، اگر آپ کو کھانا پکانے میں دلچسپی ہے تو آپ ایک یوٹیوب چینل بنا کر پیسے کما سکتے ہیں اس کے ساتھ ساتھ ایک بلاگ بھی کوکنگ کے موضوع پر بنایا جا سکتا ہے، تو دیر کس بات کی ہے آج ہی سے اپنے یوٹیوب چینل کی شروعات کریں۔

## 5: بلاگنگ

بلاگنگ اپنے آپ میں ایک وسیع فیلڈ ہے اگر آپ بلاگنگ کے بارے میں اچھا خاصہ نالج رکھتے ہیں تو آپ بلاگنگ کے ٹاپک پر یوٹیوب چینل بنا سکتے ہیں، بلاگنگ کا چینل بنانے کے بعد آپ بلاگ بھی بنا سکتے ہیں یہ ٹاپک ایسا ہے کہ آپ گوگل ایڈسینس کے علاوہ بھی پیسے کما سکتے ہیں جیسا کہ ہوسٹنگ اور مختلف قسم کے بلاگنگ پلگ انز یا پھر ٹولز کی افلیٹ مارکیٹنگ کے ذریعے اس لیے زیادہ مت سوچیں اور بلاگنگ کے ٹاپک پر اپنا یوٹیوب چینل اور بلاگ بنائیں اور پیسے کمائیں، بلاگ پر میری ایک پوری کتاب ہے اس کو پڑھ کے آپ کافی کچھ سیکھ سکتے ہیں۔

یہ کتاب صرف (FactLabUrdu) فیس بک پیج کی ملکیت ہے، کتاب کو کسی اور پلیٹ فارم سے بیچنا یا اس کی تشہیر کرنا جرم ہے۔



## 6: فری لانسنگ

اگر آپ فری لانسنگ کرتے ہیں اور آپ دوسروں کو فری لانسنگ سیکھانا چاہتے ہیں تو اپنا یوٹیوب چینل بنالیں فری لانسنگ سے بھی پیسے کمائیں اور یوٹیوب چینل کے ذریعے بھی پیسے کمائیں، آپ فری لانسنگ میں استعمال ہونے والی سکلز بھی سیکھا کر پیسے کما سکتے ہیں، اس کے علاوہ یوٹیوب چینل کے ساتھ ساتھ بلاگ بھی بنائیں اس سے آپ کو کلائینٹ بھی ملیں گے اور آپ کو ایک پہچان بھی ملے گی۔

## 7: یوٹیوب

یہ کتاب صرف FactLabUrdu فیس بک پیج کی ملکیت ہے، کتاب کو کسی اور پلیٹ فارم سے بیچنا یا اس کی تشہیر کرنا جرم ہے
0313-0655080

دوسرں کو سیکھائیں کہ یوٹیوب سے پیسے کیسے کماتے ہیں یوٹیوب چینل کیسے بناتے ہیں، یوٹیوب چینل کو کامیاب کیسے بناتے ہیں یوٹیوب چینل بنانے کے بعد کون کونسی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے، وغیرہ یوٹیوب کے ٹاپک پر چینل بناکر بھی کامیابی حاصل کی جاسکتی ہے۔

## 8: بزنس آئیڈیاز (کاروباری)

بزنس آئیڈیاز کے بارے میں لوگ بہت زیادہ سرچ کرتے ہیں جب سے کورونا وائرس آیا ہے بہت سے لوگ بے روزگار ہوچکے ہیں کورونا چلا تو گیا ہے پر ابھی تک لوگوں کے کاروبار سیٹ نہیں ہوئے لوگ انٹرنیٹ پر بزنس آئیڈیاز اور ٹپس کے بارے میں سرچ کرتے رہتے ہیں آپ اس موقعے سے فائدہ اٹھاسکتے ہیں اور بزنس آئیڈیاز کا یوٹیوب چینل بنا سکتے ہیں۔

یہ کتاب صرف (FactLabUrdu) فیس بک پیج کی ملکیت ہے، کتاب کو کسی اور پلیٹ فارم سے بیچنا یا اس کی تشہیر کرنا جرم ہے۔



## 9: وی لاگ (ٹریول)

اگر آپ کو گھومنے پھرنے کا شوق ہے اور آپ مختلف جگہوں پر جاتے رہتے ہیں تو اپنا ایک وی لاگ یوٹیوب چینل بنالیں وی لاگ چینل میں آپ اپنی روزمرہ کی زندگی میں ہونے والے حالات واقعات کو دوسروں کے ساتھ شیئر کرسکتے ہیں جس میں لوگوں کو ٹریول کے بارے میں اور مختلف جگہوں کے بارے میں بتایا جاسکتا ہے۔

## 10: انٹرویو

کسی بھی فیلڈ کے ایکسپرٹ لوگوں کا انٹرویو لے کر اس ٹاپک پر یوٹیوب چینل بھی بنایا جاسکتا ہے، اگر آپ کو بھی دوسروں کا انٹرویو لینے میں دلچسپی ہے تو یوٹیوب چینل بنائیں اور دوسروں کے انٹرویوز کر کے یوٹیوب پر اپلوڈ کرنا شروع کر دیں۔

FactLabUrdu
0313-0655080

یہ کتاب صرف (FactLabUrdu) فیس بک پیج کی ملکیت ہے، کتاب کو کسی اور پلیٹ فارم سے بیچنا یا اس کی تشہیر کرنا جرم ہے۔



## یوٹیوبرز کے لئے یوٹیوب کا ایک راز!

کیا آپ جانتے ہیں معیاری کانٹینٹ، معیاری پروڈکشن اور تسلسل کے علاوہ یوٹیوب پر کامیابی کا اصل راز کیا ہے!

میں نے کافی سارے لوگوں کو (خود سمیت) یوٹیوب پر ناکام ہوتے اور وقت کے ضیاع کا شکوہ کرتے دیکھا ہے، بہت بعد میں سمجھ آئی کہ اس کی وجہ کیا ہے، آپ کا کانٹینٹ بھی معیاری ہے، تسلسل بھی ہے اور ویڈیو پروڈکشن بھی اچھی ہے لیکن اس کے باوجود ویوز نہیں آتے اور نہ ہی سبسکرائبرز بڑھتے ہیں،

یہ کتاب صرف FactLabUrdu فیس بک پیج کی ملکیت ہے کتاب کو کسی اور پلیٹ فارم سے بیچنا یا اس کی تشہیر کرنا جرم ہے
0313-0655080

اس کی وجہ کیورڈ ہے، آپ کو یوٹیوب پر کی ورڈز پر بہت ساری ویڈیوز مل جائیں گی کہ کیورڈز کیسے تلاش کریں وغیرہ وغیرہ لیکن ان کیورڈز کے علاوہ ایک چینل کیورڈ بھی ہوتا ہے، اگر آپ یوٹیوب کی ایڈوانس سیٹنگ میں جائیں تو ایڈٹ نیم کے نیچے ایک چینل کیورڈ کا بٹن بھی ہوتا ہے جس میں آپ اپنے چینل کی نیچ یا عنوان سے متعلقہ کیورڈ سلیکٹ کرتے ہیں، یہی کیورڈ آپ کے چینل کی کامیابی کا راز ہے،
ایسا نہیں ہے کہ اس بٹن میں آپ نے کیورڈ لکھ دیا تو کامیاب ہو گئے بلکہ اس کے لئے آپ کی ہر ویڈیو اسی کیورڈ سے متعلقہ ہونا چاہیئے، یہ کیورڈ آپ کی ہر ویڈیو کے ٹائٹل، ڈسکرپشن اور ٹیگ کا حصہ ہونا چاہیئے۔

یہ کتاب صرف (FactLabUrdu) فیس بک پیج کی ملکیت ہے، کتاب کو کسی اور پلیٹ فارم سے بیچنا یا اس کی تشہیر کرنا جرم ہے۔



کی ورڈز سے کامیابی کیسے ملتی ہے!
اس کی مثال ایسے ہے کہ اگر آپ یوٹیوب پر فری لانسر لکھیں گے تو جو ابتدائی ویڈیوز اور چینلز شو ہوں گے وہ تیمور پردیسی اور حشام سرور کے ہیں، اس کی وجہ یہ ہے کہ انہوں نے فری لانسر کے کیورڈ پر اپنے چینل سیٹ کئے ہیں اور ان کی ہر ویڈیو فری لانسر سے متعلق ہوتی ہے، فری لانسر کیورڈ کا پاکستان میں ٹاپ چینل جو سب سے زیادہ ویوز لیتا ہے وہ تیمور پردیسی ہے، حالانکہ تیمور پردیسی کوئی ٹاپ کلاس فری لانسر نہیں بس ایک یوٹیوبر ہے جبکہ حشام سرور پاکستان کا پہلا اور سٹل ٹاپ کلاس فری لانسر ہے لیکن اس کا نمبر دوسرا ہے

آپ اردو نیوز لکھیں گے تو سینکڑوں نیوز چینلز ہونے کے باوجود جیو نیوز ٹاپ پر آئے گا کیونکہ اس کا کیورڈ اردو نیوز اور اردو لٹسٹ نیوز سیٹ اور اس کی ہر ویڈیو اسی کیورڈ سے متعلقہ ہوتی ہے۔

یہ کتاب صرف FactLabUrdu فیس بک پیج کی ملکیت ہے کتاب کو کسی اور پلیٹ فارم سے بیچنا یا اس کی تشہیر کرنا جرم ہے!
0313-0655080

کرنٹ افیئرز لکھیں گے تو کرنٹ افیئرز پر پروگرام کرنے والے تمام بڑے بڑے اینکرز کو کھڈے لائن لگاتا ہوا ایک چینل pakmcqs چینل سامنے آجائے گا، حالانکہ یہ محض ایک امتحانی چینل ہے لیکن کرنٹ افیئرز کے کی ورڈ پر چھایا ہوا ہے، اس کی ہر ویڈیو کا عنوان، ڈسکرپشن اور ٹیگز کرنٹ افیئرز سے بھرا ہوتا ہے نتیجتاً یہ چینل کرنٹ افیئرز کا سب سے بڑا اور کامیاب چینل ہے۔

یہ کتاب صرف (FactLabUrdu) فیس بک پیج کی ملکیت ہے، کتاب کو کسی اور پلیٹ فارم سے بیچنا یا اس کی تشہیر کرنا جرم ہے۔

YouTube



اب آپ کو ایک اور مزیدار مثال دیتا ہوں جو کامیابی کے اس راز کو سمجھنے میں بڑی اچھی مدد دے سکے گی،
آپ یوٹیوب پر لکھیں کرکٹ ریویوز ان اردو تو جو ٹاپ کا چینل شو ہو گا وہ ٹورنڈو سپورٹس ہے اور اس کے سبسکرائبرز بھی کم ہیں اور اس کی عمر بھی 5 ماہ سے کم ہے، اس کی کوئی بھی ویڈیو 5 منٹ سے زیادہ نہیں ہے اور اس پر آج تک محض 38 ویڈیوز اپ لوڈ ہوئی ہیں،

یہ کیسے ہو گیا؟ اتنا نا کام چینل یوٹیوب کی نظر میں ٹاپ چینل کیسے بن گیا اور یوٹیوب اسے ترجیح کیوں دے رہا ہے!
تو میرے بھائیو، جواب ہے کیورڈ۔۔۔۔ جی ہاں صرف کیورڈ اور لو کمپٹیشن
اب ریویوز تو لوگ دیتے ہی رہتے ہیں کرکٹ پر لیکن کرکٹ ریویوز پر سوائے ٹورنڈو کے علاوہ مخصوص چینل ایک بھی نہیں تھے، اس لئے کرکٹ ریویوز پر یوٹیوب اسی کو دکھانے پر مجبور ہے، یہ اگر تھوڑا اچھا کام کریں تو دنوں میں ملین ویوز کے ٹارگٹ تک جاسکتے ہیں لیکن ان کا کام اچھا نہیں ہے اور اگر آپ کا کام اور تجزیئے اچھے ہیں اور ویڈیو کوالٹی بھی دے سکتے ہیں تو بسم اللہ، یوٹیوب پر میدان خالی پڑا ہوا ہے۔ جائیے اور چھا جائیے۔
یقیناً ان مثالوں سے بات سمجھنے میں مدد ملی ہو گی۔ انواع و اقسام کے عنوانات اور ٹیگز پر ویڈیوز بنانے کی بجائے کسی ایک عنوان پر کام کریں اور اس تسلسل سے کریں کہ جہاں وہ کیورڈ لکھا جائے تو سب سے پہلے آپ کا چینل شو ہو یہی کامیابی کا راز ہے

یہ کتاب صرف FactLabUrdu فیس بک پیج کی ملکیت ہے، کتاب کو کسی اور پلیٹ فارم سے بیچنا یا اس کی تشہیر کرنا جرم ہے۔ 0313-0655080

یہ کتاب صرف (FactLabUrdu) فیس بک پیج کی ملکیت ہے، کتاب کو کسی اور پلیٹ فارم سے بیچنا یا اس کی تشہیر کرنا جرم ہے۔



## مقصد کا تعین!

آپ جب بھی یوٹیوب چینل بنانے کا سوچیں تو سب سے پہلے اس بات کا فیصلہ کر لیں کہ یوٹیوب آپ کے لیے کیا ہے! اس کے مصداق یوٹیوب ایک کثیر المقاصد استعمال ہونے والی لاٹھی ہے، جس کے سہارے چلتے ہوئے آپ نئی باتیں سیکھ اور سکھا بھی سکتے ہیں اور کسی کی سوچ و فکر کو تباہ بھی کر سکتے ہیں، آپ نے فیصلہ کرنا ہے کہ آپ یوٹیوب پر کس مقصد کے تحت آ رہے ہیں! آپ جو دوسروں کو بتانے اور سکھانے جا رہے ہیں، کیا خود بھی اس سے مطمئن ہیں!

## محنتی یا مصدقہ نالائقی!

یہ کتاب صرف FactLabUrdu فیس بک پیج کی ملکیت ہے، کتاب کو کسی اور پلیٹ فارم سے بیچنا یا اس کی تشہیر کرنا جرم ہے!
0313-0655080

اس ضمن میں یہ بات یاد رکھیں کہ اگر آپ کی تیاری نہیں ہے اور بغیر محنت کے یوٹیوب پر آ رہے ہیں تو آپ کی ساری نالائقیاں آشکار ہو جائیں گی اور آپ "رجسٹرڈ نالائق" قرار پائیں گے۔ جب ایک دفعہ انسان کی حقیقت کھل جائے کہ اس کے پاس بتانے، سمجھانے اور سکھانے کے لیے کچھ بھی نہیں ہے تو پھر وہ کچھ بھی کر لے، اپنی ڈوبتی ناؤ کو بچا نہیں سکتا۔ حقیقی کامیابی یہ ہے کہ انسان اپنے کام اور اپنے نظریات و افکار سے معاشرے کو کچھ فائدہ دے۔ یوٹیوب پر آنے والا وہ شخص جس کے پاس کونٹینٹ نہیں، جو ابلاغ کی صلاحیت سے محروم ہے، جس کو کیمرے کا سامنا کرنا نہیں آتا اور جس میں کام کرنے کا جذبہ نہیں ہے تو پھر وہ خود کو اور اپنے وقت کو ضائع ہی کرے گا۔

یہ کتاب صرف (FactLabUrdu) فیس بک پیج کی ملکیت ہے، کتاب کو کسی اور پلیٹ فارم سے بیچنا یا اس کی تشہیر کرنا جرم ہے۔



اس لیے سب سے پہلے اپنی کمزوریوں کو دور کرنے کی کوشش کریں۔ کچھ چیزیں ایسی ہیں جن کو وقت کے ساتھ ساتھ اپ گریڈ کیا جا سکتا ہے لیکن کچھ چیزیں پیدائشی ہوتی ہیں جنہیں درست نہیں کیا جا سکتا۔ اگر آپ بھی سمجھتے ہیں کہ ایسی کوئی خامی ہے جو باوجود کوشش کے بھی درست نہیں ہو رہی تو پھر آپ کو یوٹیوب چینل بنانے کے فیصلے پر نظر ثانی کی ضرورت ہے، میرے مطابق درست مقام پر درست شخص ہونا چاہیے، یعنی جس انسان کو یوٹیوب کی اہمیت اور افادیت کا علم ہو، وہی یوٹیوب پر آئے، کیونکہ یوٹیوب ایک ایسا جن ہے کہ اگر انسان قابل اور محنتی ہو تو یہ اس کی فالونگ (Following)، شہرت اور آمدنی میں بے تحاشا اضافہ کر سکتا ہے۔

## پہلے تیاری پھر عمل!

مجھے اپنے یوٹیوب چینل پر آئے ہوئے پانچ سال ہو گئے، لیکن ویڈیوز ریکارڈ کروانے کا سلسلہ گزشتہ دس سال سے جاری ہے۔ پانچ سالوں کی بھرپور محنت کے بعد جب میں نے اپنا چینل شروع کیا تو وہ بڑی تیزی سے مقبول ہو گیا اور آج وہ لاکھوں سبسکرائبرز تک جا پہنچا ہے۔ وجہ یہ ہے کہ میں پہلی دفعہ میں ہی کیمرے کے سامنے نہیں آ بیٹھا، بلکہ اس سے پہلے میں نے اس کے لیے درکار تمام لوازمات اچھی طرح سمجھ لیے اور ان پر بھرپور طریقے سے محنت کی۔ میں وقت کے تقاضوں کے مطابق خود کو اپ گریڈ کرتا رہا۔ میں سمجھ گیا کہ ان پانچ سالوں میں دنیا یہ مان چکی ہے کہ اب یوٹیوب ایک بہت بڑی طاقت ہے اور اگر یوٹیوب پر لوگ آپ کو فالو کرتے ہیں تو اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ لیڈر ہیں۔ مجھے یہ بھی ادراک ہوا کہ لیڈر صرف سیاستدان نہیں ہوتا بلکہ ہر وہ شخص لیڈر ہے، جس کی بات سنی جاتی ہے، جو لوگوں قائل کر سکتا ہے، جو سوچ کا نیا زاویہ دے سکتا ہے اور جو رائے عامہ بنا سکتا ہے۔

یہ کتاب صرف FactLabUrdu فیس بک پیج کی ملکیت ہے، کتاب کو کسی اور پلیٹ فارم سے بیچنا یا اس کی تشہیر کرنا جرم ہے
0313-0655080

یہ کتاب صرف (FactLabUrdu) فیس بک پیج کی ملکیت ہے، کتاب کو کسی اور پلیٹ فارم سے بیچنا یا اس کی تشہیر کرنا جرم ہے۔



YouTube

## منفرد کیا ہے!

آپ یوٹیوب پر جو چیز لے کر آ رہے ہیں، اس میں انفرادیت کیا ہے؟ کوئی شخص آپ کی بات کیوں سنے گا اور آپ کے چینل پر کیوں آئے گا؟ یاد رکھیں! جب بھی آپ کے پاس حکمت (Wisdom) ہو گی تو پھر لوگ خود بخود آپ کے پاس آئیں گے۔ تب آپ کو یہ کہنا بھی نہیں پڑے گا کہ "میرے چینل کو سبسکرائب کریں اور بیل آئیکن دبائیں" کیونکہ سورج کو نکلنے کے لیے کسی اشتہار کی ضرورت نہیں ہوتی اور نہ ہی چاند اطلاع دے کر نکلتا ہے۔ کمال، اپنی جگہ خود بنا لیتا ہے، لیکن جو اپنے چینل پر ہر بات کے بعد یہ کہتا ہے کہ میرے چینل کو سبسکرائب کریں تو دیکھنے والے سمجھ جاتے ہیں کہ یہ کچھ بیچنا چاہتا ہے اور اس کے پاس ہمارے فائدے کے لیے کچھ نہیں ہے۔

یہ کتاب صرف FactLabUrdu فیس بک پیج کی ملکیت ہے کتاب کو کسی اور پلیٹ فارم سے بیچنا یا اس کی تشہیر کرنا جرم ہے!
0313-0655080

## آپ کی نیت!

یوٹیوب چینل بناتے وقت اگر آپ اپنی نیت ٹھیک کر لیں اور اللہ سے دُعا کریں کہ یا باری تعالیٰ! مجھ سے خیر کا کوئی کام لے لے تو ہر قدم پر آپ نیکی کما سکتے ہیں۔ اچھی نیت، رستے آسان کر دیتی ہے۔ یہ نیت آپ کو منزل پر پہنچا دیتی ہے۔ جب آپ کی نیت اچھی ہو گی تو رب آپ سے کام بھی بڑے بڑے لے گا۔

یہ کتاب صرف (FactLabUrdu) فیس بک پیج کی ملکیت ہے، کتاب کو کسی اور پلیٹ فارم سے بیچنا یا اس کی تشہیر کرنا جرم ہے۔

YouTube



## قدرت آپ کو تیار کرتی ہے!

یہ ایک حقیقت ہے کہ زندگی کا کوئی بھی واقعہ بے مقصد نہیں ہوتا۔ قدرت آپ کو زندگی کے مختلف واقعات میں تیار کر رہی ہوتی ہے۔ سیڑھی پر چڑھتے ہوئے انسان مسلسل اوپر چلتا ہے اور کسی بھی زینے پر ٹھہرتا نہیں ہے لیکن زندگی کی سیڑھی پر جگہ جگہ قدرت آپ کو روکتی ہے۔ یہ روکنا اس مقصد کے لیے ہوتا ہے تاکہ آپ کی شخصیت، کردار اور فکار کو تیار کیا جائے۔ آپ کے یقین، نظریے اور پر اثر ہونے کو مضبوط کیا جائے۔

یہ سب خصوصیات وقت کے ساتھ ساتھ بہتر ہوتی رہتی ہیں۔ یاد رکھیں! جو ایک سا ہی رہتا ہے وہ ختم ہو جاتا ہے اور جو اپ گریڈ ہوتا رہتا ہے، اس کی زندگی بھی زیادہ ہوتی ہے۔

کتاب صرف FactLabUrdu فیس بک پیج کی ملکیت ہے، کتاب کو کسی اور پلیٹ فارم سے بیچنا یا اس کی تشہیر کرنا جرم ہے!
0313-0655080

جس وقت میں نے یوٹیوب پر کام شروع کیا، اس وقت میرے پاس اعلیٰ معیار کی کوئی پروڈکشن نہیں تھی، بلکہ ایک معمولی کیمرہ اور عام سا انٹرنیٹ کنکشن تھا لیکن چونکہ میری بات میں وزن تھا اس لیے وہ ہر ایک کے دِل میں جگہ بنانے لگی اور چینل روز بروز ترقی کرتا گیا۔ دراصل میں نے تین باتوں کو بنیاد بنایا، جن کو آپ بھی عمل میں لاکر اپنے چینل کو کامیاب بنا سکتے ہیں۔

یہ کتاب صرف (FactLabUrdu) فیس بک پیج کی ملکیت ہے، کتاب کو کسی اور پلیٹ فارم سے بیچنا یا اس کی تشہیر کرنا جرم ہے۔



## سادگی!

میں ہمیشہ سادہ زبان والفاظ استعمال کرتا ہوں۔ میری اکثر باتیں میری زندگی کے تجربات پر مشتمل ہوتی ہیں اس لیے ان میں لوگوں کی دلچسپی ہوتی ہے۔ آج بھی اگر مجھے کئی گھنٹے بولنا پڑے تو میرے پاس مواد کی کمی نہیں ہوتی اور یہ خوبی اس شخص میں ہوتی ہے جو مسلسل سیکھ رہا ہو۔ یہ بات ذہن نشین رہے کہ سیکھنا صرف کتاب سے نہیں ہوتا بلکہ آپ کا مشاہدہ، استاد، آڈیو اور ویڈیوز بھی سیکھنے کے بڑے ذرائع ہوتے ہیں۔

## اخلاص!

یہ کتاب صرف FactLabUrdu فیس بک پیج کی ملکیت ہے، کتاب کو کسی اور پلیٹ فارم سے بیچنا یا اس کی تشہیر کرنا جرم ہے
0313 0655080

جب تک انسان اپنے مشن کے ساتھ مخلص نہ ہو اس میں ترقی نہیں کر سکتا۔ آپ نے اپنے ساتھ مخلص ہونا ہے اور اپنے فالوورز کے ساتھ بھی۔ آپ کا اخلاص آپ کے کام کا تعین کرے گا اور پھر آپ ہر اس موضوع کو چھوڑیں گے جو آپ کے نظریے کے مطابق نہ ہو۔ میں انٹرٹینمنٹ کے حوالے سے کام نہیں کر سکتا کیونکہ وہ میرا میدان ہی نہیں ہے، لیکن اپنے مشن کے مطابق اگر دِن رات بھی مجھے کام کرنا پڑے تو میں تیار رہتا ہوں، اگر آپ اپنے کام کے ساتھ دل و جان سے مخلص ہوں گے تو کامیابی آپ کا مقدر بن جائے گی کیونکہ خلوص ہر چیز کا پہلو ہوتا ہے، لہذا لگن اور خلوص کے ساتھ چلیں۔

یہ کتاب صرف (FactLabUrdu) فیس بک پیج کی ملکیت ہے، کتاب کو کسی اور پلیٹ فارم سے بیچنا یا اس کی تشہیر کرنا جرم ہے۔

YouTube



## محنت!

آج کام کرنے کو دِل نہیں کر رہا" میں نے اپنی زندگی کی کتاب سے اس صفحے کو پھاڑ کر پھینک دیا ہے، میں کبھی موڈ اور طبیعت پر کام نہیں کرتا بلکہ "مائنڈ فل" ہو کر کام کرتا ہوں۔ مائنڈ فل ہونے کا مطلب ہے: "لمحہ موجود میں مکمل طور پر ڈوب جانا۔" یہ طاقت جس انسان کے پاس ہوتی ہے تو اگر وہ نالائق بھی ہو تب بھی قدرت اس کو لائق کر دیتی ہے، شرط یہ ہے کہ وہ محنتی ہو۔ لائق اور سست انسان بڑا خطرناک ہے۔ انسان کی محنت اس کی بہت ساری کمیوں اور کوتاہیوں پر پردہ ڈال دیتی ہے، آپ کو معلوم ہو جاتا ہے کہ کون سی بات کس کو کیسے اور کب کہنی ہے۔ اس خاصیت کو پانے کے لیے میں نے ان تھک محنت اور جگراتے کیے۔ اس سفر میں واصف علی واصف کے ایک جملے نے مجھے بڑی مدد دی کہ "پورے دِن کی تھکاوٹ اتارنے کے لیے نیند چاہیے اور پوری زندگی کی تھکاوٹ موت اتارتی ہے۔" آرام کرنے کی جگہ صرف قبر ہے۔ زندہ انسان کو ہر وقت متحرک، منظم، چوکس اور تیار ہونا چاہیے۔

FactLabUrdu
0313-0655080

تدریس ایک اہم اور حساس فریضہ ہے، کیونکہ استاد نسلوں کی تعمیر کرتا ہے، اس طرح یوٹیوب چینل بھی استاد کی طرح ہے۔ اب یہ چلانے والے پر منحصر ہے کہ وہ اس سے قوموں کی تعمیر کا کام لیتا ہے یا تخریب کا، وہ اپنے ہر فعل کے لیے جواب دہ ہو گا۔ لہٰذا اس ذمہ داری کو احسن طریقے سے نبھائیں۔ محنت، کوشش اور اچھے خیالات کو فروغ دے کر اپنے حصے کا دیا روشن کریں تو وہ وقت دور نہیں جب لوگ آپ کے نام کے گن گائیں گے اور آپ کسی چینل پر بیٹھ کر اپنی کامیابی کی داستان سنا رہے ہوں گے۔

0313-0655080
Visit: Facebook.com/factlaburdu

# اختتام

امید کرتا ہوں کہ آپ نے میری اس کتاب سے یوٹیوب کے حوالے سے کافی کچھ سیکھا ہو گا اور آپ کے نالج میں کافی اضافہ ہوا ہو گا، اگر آپ کچھ جاننا یا سمجھنا چاہتے ہوں تو مجھ سے بذریعہ واٹسپ رابطہ کر سکتے ہیں، اگر آپ یوٹیوب کا مکمل کورس آن لائن سیکھنا چاہتے ہیں وہ بھی بہت کم قیمت میں تو آپ رابطہ کر سکتے ہیں، شکریہ

تحریر: نثار یونس

یہ کتاب صرف FactLabUrdu فیس بک پیج کی ملکیت ہے، کتاب کو کسی اور پلیٹ فارم سے بیچنا یا اس کی تشہیر کرنا جرم ہے!
0313-0655080

## نوٹس!

یہ کتاب صرف FactLabUrdu فیس بک پیج کی ملکیت ہے، اس کتاب کو کسی اور پلیٹ فارم سے بیچنا یا اس کی تشہیر کرنا جرم ہے، اگر خلاف ورزی کرتے ہیں تو قانونی کارروائی بھی عمل میں لائی جا سکتی ہے، کیونکہ اس کتاب کے جملہ حقوق محفوظ ہیں جو کہ میری ذاتی ملکیت ہیں،

یہ کتاب صرف FactLabUrdu فیس بک پیج کی
ملکیت ہے، کتاب کو کسی اور پلیٹ فارم سے بیچنا یا اس کی
تشہیر کرنا جرم ہے!
0313-0655080